سوال

(70) کیا رفع الیدین بھول جانے پر سجدہ سہو ہوگا ؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا فرماتے ہیں قرآن و صحیح حدیث اس شخص کے بارے میں جو عند الرکوع رفع یدین بھول جائے ۔ اسکی تلافی سجدہ سہو سے ہوگی یا نہیں ۔ ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

رفع الیدین بھول جانے پر سجدہ سہو نہیں ہوگا ۔ علمائے کرام نے نماز کی سنتوں کی دو قسمیں بیان فرمائی ہیں ۔

1۔ سنتوں کی پہلی قسم وہ ہے جن کے بھول جانے پر سجدہ سہو لازمی ہے ، جیسے پہلا تشہد۔

2۔ سنتوں کی دوسری قسم وہ ہے جن کے بھول جانے پر سجدہ سہو نہیں کیا جائے گا ، جیسا کہ تعوذ، دعائے استفتاح اور رفع الیدین وغیرہ ۔

لہذا رفع الیدین بھول جانے پر سجدہ سہو نہیں کیا جائے گا ۔ واللہ أعلم

وباللہ التوفیق

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد02